Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعۃ المبارک، 30 ستمبر 2022ء؛ 3 ربیع الاول 1444ھ؛ 16 اسوج 2079 بم؛ قیمت 20 روپے | شمارہ 149

وزیراعلیٰ پرویز الٰہی سے متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم سلیم الزیبی کی ملاقات

سیلاب متاثرین کی بحالی کا کام جاری ہے

پرویز الٰہی

وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے سیلاب متاثرین کیلئے بھرپور مدد پر متحدہ عرب امارات کی قیادت اور سفیر کا شکریہ ادا کیا

پاکستان ہمارا دوسرا گھر ہے، مشکل کی گھڑی میں پاکستانی سیلاب متاثرین بہن بھائیوں کی مدد ہمارا فرض ہے' سفیر متحدہ عرب امارات

لاہور(این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے وزیراعلیٰ آفس میں متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم سلیم الزیبی نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں خیرو برکت پر مبارک سینٹر کے پراجیکٹ پر جلد کام شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے سیلاب متاثرین کیلئے بھرپور مدد پر متحدہ عرب امارات کی قیادت اور سفیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ عرب امارات کی طرف سے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان بھجوانے پر مشکور ہیں۔ سیلاب متاثرین کی بحالی کا کام جاری ہے۔ دبائی امراض (بقیہ نمبر 4)

ایلیکشن کا مطالبہ کرنا سیلاب زدگان کی زندگیوں سے کھیلنا ہے

وزیرخارجہ

اسد مجید اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، غیر ذمہ دارانہ کام خان صاحب نے کیا

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) وزیرخارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اس وقت الیکشن کا مطالبہ کرنے والا سیلاب زدگان کی زندگیوں سے کھیل رہا ہے۔ واشنگٹن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیرخارجہ بلاول بھٹو نے کہا (بقیہ نمبر 1)

کروڑوں کے کرپشن کے نیب کیسز کی تحقیقات کا فیصلہ

چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور وزیراعلیٰ پرویز الٰہی نے منظوری دے دی

لاہور (بیورو چیف) اینٹی کرپشن پنجاب نے احتساب عدالتوں سے نیب کو واپس بھیجے جانے والے 50 کروڑ سے کم کرپشن کے نیب کیسز کی تحقیقات کا فیصلہ کیا ہے۔ نیب قانون میں ترامیم کے بعد اینٹی کرپشن پنجاب (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم کا دفتر انتہائی غیر محفوظ، تحقیقات ہونی چاہئیں

تجزیہ نگار

عمران خان نے سیاسی مفاد کیلئے ملکی مفاد کو دباؤ پر لگایا، آڈیو کی تحقیقات ہونی چاہیے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) امریکی سائفر سے متعلق پی ٹی آئی کے سربراہ عمران خان اور اعظم خان کی آڈیو لیک کے حوالے سے سابقہ سکیورٹی ماہرین اور سینئر تجزیہ کاروں کیساتھ گفتگو میں وزیراعظم کا دفتر انتہائی غیر محفوظ ہے' عمران (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے متحدہ عرب امارات کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

مریم نواز اور کیپٹن (ر) صفدر کی بریت؛ وزیراعظم کی سیاسی مخالفین پر کڑی تنقید

سیاسی انتقام کا ایک تاریک دور آج انجام کو پہنچا

امید ہے کہ میرے قائد محمد نواز شریف کیخلاف جج ارشد ملک مرحوم کی گواہی پر انصاف کے تقاضے پورے ہوں گے' وزیراعظم نے مریم نواز اور کیپٹن (ر) صفدر کی سزائیں کالعدم ہونے پر مبارکباد دی

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ بیٹی مریم اور بیٹے صفدر کو بالآخر انصاف ملا' اللہ تعالیٰ کے حضور ہمارے سر شکر کے احساس سے جھکے ہوئے ہیں کہ اس نے ہمیں سرخرو فرمایا

مریم نواز شریف اور کیپٹن (ر) صفدر نے بہادری، صبر اور ثابت قدمی سے مشکل ترین حالات کا سامنا کیا اور آج کے عدالتی فیصلے سے جھوٹ، بہتان، اور کردار کشی کی تمام عمارت زمیں بوس ہوگئی ہے

مریم نواز کا بری ہونا اس سیاسی انتقام کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ ہے جس کے ذریعے شریف خاندان کو نشانہ بنایا گیا، عدالت سے بری ہونے پر بیٹی مریم اور صفدر کو مبارک دیتا ہوں

لاہور (بیورو چیف) وزیراعظم شہباز شریف نے مریم نواز اور کیپٹن (ر) صفدر کی سزائیں کالعدم ہونے پر امید کہ میرے قائد محمد نواز شریف کیخلاف جج ارشد ملک مرحوم کی گواہی پر انصاف کے تقاضے پورے ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مریم نواز اور کیپٹن (صفدر) کی سزائیں کالعدم ہونے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کو مبارک باد پیش کی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ بیٹی مریم اور بیٹے صفدر کو بالآخر انصاف ملا۔ ان کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور ہمارے سر شکر کے احساس سے جھکے ہوئے ہیں کہ اس نے ہمیں سرخرو فرمایا، سیاسی انتقام کا ایک تاریک دور آج انجام کو پہنچا اور بے گناہ سرخرو ہوئے۔ وزیراعظم کا (بقیہ نمبر 1)

سپریم کورٹ، فیصل واوڈا نااہلی کیس کی سماعت منگل تک ملتوی کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیصل واوڈا نااہلی کیس کی سماعت وقت کی کمی باعث آئندہ منگل تک ملتوی کر دی۔ فیصل واوڈا نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔

نواز شریف کی انتخابات سے قبل واپسی کا طریقہ کار طے

پی ٹی آئی کے مطابق آمد سے قبل نواز شریف کی حفاظتی ضمانت کرائی جائیگی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) کنوینر خرم اسحاق ڈار کے بعد مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی واپسی کا طریقہ کار طے کر لیا گیا۔ ن لیگ کی قانونی ٹیم نے نواز شریف کی واپسی سے قبل پیش بندی کرلی ہے۔ پی ٹی آئی کے مطابق آمد سے قبل نواز شریف کی حفاظتی ضمانت کرائی جائیگی۔ حفاظتی ضمانت کے عرصے میں نواز شریف باقاعدہ ضمانت کیلئے پیش (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز کا ایون فیلڈ ریفرنس میں بری ہونے پر اللہ کا شکر ہے

6 سال اس کیس میں جھوٹ بولا گیا، عمران خان کو جواب دینا پڑے گا جھوٹ کیوں بولا اور کیوں بہتان لگایا، تم ناکام ہوئے

نواز شریف کو اللہ نے سرخرو کیا، عمران خان ایک بے بس شخص ہے، مقدمے کا مینٹیننر ی کون ہے سب پتہ تھا، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے ایون فیلڈ ریفرنس میں بری ہونے پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف سمیت سب سرخرو ہوگئے۔ 6 سال اس کیس میں جھوٹ بولا گیا، عمران خان کو جواب دینا پڑے گا جھوٹ کیوں بولا اور کیوں بہتان لگایا، تم ناکام ہوئے۔ نواز شریف کو اللہ نے سرخرو کیا، عمران خان ایک بے بس شخص ہے، مقدمے کا مینٹیننر ی کون ہے سب (بقیہ نمبر 19)

آڈیو لیکس فضل الرحمان کا جلد ڈی ایم جی اجلاس بلانے کا اعلان

عمران خان نے دانستہ طور پر پارلیمنٹ کو کمزور اور الیکشن کمیشن سمیت دیگر اداروں کو متنازعہ بنایا

کسی بھی ملک میں سیاسی استحکام ہی معاشی ارتقا کا زینہ اور قومی سلامتی کی مضبوط اساس بنتا ہے' مولانا فضل الرحمٰن

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پی ڈی ایم کے صدر اور شیخ علامہ اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عمران خان نے دانستہ طور پر پارلیمنٹ کو کمزور اور الیکشن کمیشن سمیت دیگر اداروں کو متنازعہ بنایا۔ پی ڈی ایم کی معاشی ٹیم کی رحمان نے یہ مطالبہ اپنی حکومت سے ساتھی رابطوں کی وجہ بائیکاٹ کو ختم پر اپنے نوٹ کے ذریعے کیا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ یہ آڈیو لیکس کے ذریعے قومی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کی سازش ہے۔ وفاقی وزیر شیری رحمان نے کہا کہ عمران خان اور اعظم آڈیو لیک کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر شیری (بقیہ نمبر 5)

لاہور: سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال عظمت شان رحمت العالمین کی تقریبات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان اور اعظم آڈیو لیک کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات ہونی چاہیے

افسوسناک گفتگو عمران خان کی نہیں، پاکستان کے وزیراعظم کی ہے، شیریں رحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان اور اعظم آڈیو لیک کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر شیری (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی منعقد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر آئی ٹی کی فیس بک کے وفد سے ملاقات، پاکستان میں دفتر کھولنے پر تبادلہ خیال

بنارسٹ (نیوز ڈیسک) روماینہ میں وفاقی وزیر آئی ٹی امین الحق نے فیس بک کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کی، جس میں فیس بک کی مشینی تعلیمی بنانے پاکستان میں جلد اپنا رابطہ آفس کھولنے اور سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر امین الحق نے کہا کہ پاکستان کی 22 کروڑ کی آبادی میں فیس (بقیہ نمبر 4)

اسحاق ڈار کے وزیر خزانہ بننے پر معاشی ٹیم میں اہم تبدیلیوں کا فیصلہ

وزیر مملکت برائے خزانہ ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا سے بھی قلمدان واپس لے جانیکا امکان ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) اسحاق ڈار کے وزیر خزانہ بننے پر معاشی ٹیم میں اہم تبدیلیوں کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، اقتصادی امور کا قلمدان واپس لیا جائیگا امکان ہے۔ اہم عہدوں پر تبدیلیاں کی جائیں گی۔

نواز شریف، اسحاق ڈار کی تقرری پر پڑی ڈی آپریشنز پیپر اطلب

بائیکوٹ میں نواز شریف، اسحاق ڈار سمیت دیگر اشتہاری ملزمان کی قانونی دی پر شرکت کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی

درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ عدالت نے 2019 میں اشتہاری اور سرمایہ فرار ملزمان کے ٹی وی پر آنے پر پابندی عائد کی تھی

لاہور (بیورو چیف) لاہور ہائیکورٹ نے نواز شریف، اسحاق ڈار اور دیگر کی قانونی دی پر شرکت پر ڈی جی آپریشنز پیپر طلب کر لیا۔ پی ٹی آئی کورٹ میں نواز شریف، اسحاق ڈار سمیت دیگر اشتہاری پابندی عائد کی تھی، مگر نواز شریف اور اسحاق ڈار کی تقاریر اور پریس کانفرنس کی دی پر رکاوٹ جاری رہی ہیں، عدالت اپنے ہی احکامات کی خلاف ورزی کر رہا ہے، عدالت عدالت (بقیہ نمبر 12)

عمران خان اور اعظم آڈیو لیک کی دخواست سماعت کیلئے مقرر

عدالت عظمیٰ نے اٹارنی جنرل اور ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل نیب سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) نیب ترامیم کے خلاف پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی درخواست سپریم کورٹ میں سماعت کے لیے مقرر کر دی گئی۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بنچ 14 اکتوبر کو سماعت کریگا۔ جسٹس (بقیہ نمبر 6)

پاکستان میں مزید 67 کورونا کیسز رپورٹ، ایک مریض انتقال کر گیا

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وبا کے باعث ایک اور مریض جان کی بازی ہار گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 53 ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 0 اشاریہ 60 (بقیہ نمبر 7)

کسانوں کا مہنگی بجلی و کھاد کے خلاف اسلام آباد میں دھرنا

کسان اتحاد کی جانب سے مہنگی بجلی و کھاد کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

مظاہرین تمام رکاوٹیں توڑ کر اسلام آباد میں داخل ہو گئے اور دھرنا دے دیا

اسلام آباد (عمزہ لطیف) کسان اتحاد کی جانب سے مہنگی بجلی و کھاد کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی، مظاہرین تمام رکاوٹیں توڑ کر اسلام آباد میں داخل ہو گئے اور دھرنا دے دیا۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ اگر مطالبات نہ مانے گئے تو ڈی چوک کی طرف جائیں گے۔ کسان اتحاد کی جانب سے وفاقی حکومت کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ کسان اتحاد ریلی جی ٹی روڈ کے راستے اسلام آباد داخل ہوگئی۔ مظاہرین (بقیہ نمبر 21)

وفاقی کابینہ میں مزید توسیع

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ میں مزید توسیع کر دی، عمران اور زلمے خلیل زاد کو معاون خصوصی تعینات کر دیا گیا ہے۔ کابینہ ڈویژن نے نئی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کا اطلاق فوری ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عمران قادر کا عہدہ وفاقی وزیر کے برابر ہوگا۔ وزیراعظم نے نے (بقیہ نمبر 25)

شہباز شریف نے آڈیو لیک کرکے ثابت کر دیا مراسلہ حقیقت ہے، عمران خان

کہا گیا عمران خان کو نہ ہٹایا تو پاکستان کو نقصان ہوگا، سابق وزیراعظم

مظفر آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ شہباز شریف تمہارا مظلوموں والا کیس ہے، میں نے کہا تھا کہ پاکستان کو نقصان ہوگا، سابق وزیراعظم پرنسپل سیکرٹری سے میری (بقیہ نمبر 3)

ڈی ایچ اے سمیت سب ہاؤسنگ سوسائٹیز میں فراڈ ہے، ہائیکورٹ

اسلام آباد

شہری محمد طارق نے بتایا کہ ڈی ایچ اے نے تمام ادائیگی کے باوجود الاٹمنٹ منسوخ کردی

سی ڈی اے نے موقف اختیار کیا کہ ڈی ایچ اے فیز ون اسلام آباد میں نہیں پنڈی میں ہے عدالتی دائرہ اختیار نہیں

اسلام آباد (حماد ندیم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریمارکس دیے ہیں کہ یہ قسمتی سیڈی ایچ اے ہیسیب سب ہاسنگ سوسائٹیز میں دخواست گزار سے حتمی دلائل طلب کرلیے۔ شیری محمد طارق نے بتایا کہ ڈی ایچ اے نے تمام ادائیگی کے (بقیہ نمبر 8)

نواز شریف کی اپنی صاحبزادی مریم نواز کو مبارکباد

پیرے اور مریم نواز کے خلاف مقدمات سیاسی تھے، نواز شریف

لندن (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم نواز شریف نے ایون فیلڈ ریفرنس میں بری ہونے پر اپنی صاحبزادی مریم نواز کو مبارکباد پیش کرتے (بقیہ نمبر 4)

لاہور: منتخب پنجاب، بمبر (ر) اعظم سلیمان خان سے وفاقی منتخب اعجاز تربیتی ملاقات کر رہے ہیں

سارہ احمد سے میو ہسپتال کے ڈاکٹرز کی ملاقات

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بورڈ سارہ احمد سے میو ہسپتال لاہور کے شعبہ نفسیات کے سربراہ ڈاکٹر علی مہدی ہاشمی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بے سہارا اور مدم توجہی کا شکار بچوں کے نفسیاتی مسائل پر بحث ہوئی۔

پنجاب میں 5 افسران کے تقرر تبادلوں کے احکامات جاری

کمشنر لاہور کو چیئرپرسن پنجاب رنگ روڈ اتھارٹی کا اضافی چارج سونپ دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 5 افسران کے تقرر تبادلے، ایک افسر کو پنجاب سے ریلیو جبکہ ایک افسر کو اضافی چارج سونپ دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور احمد رضا سرور کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے جبکہ ان سے سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن کا اضافی چارج بھی واپس لے لیا گیا، محمد آصف کو سیکرٹری لا وجسٹک (بقیہ نمبر 10)

مشکوک ٹرانزیکشن، آصف زرداری کا منی لانڈرنگ کے تحت ریلیف کیلئے درخواست دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف زرداری نے 8 ارب سے زائد کی مشکوک ٹرانزیکشن کیس میں احتساب عدالت سے منی لانڈرنگ کے تحت ریلیف کیلئے درخواست دینے کا فیصلہ کرلیا۔

مریم نواز کی بریت، فواد چوہدری کے فیصلے کے خلاف کاتا ریک دن قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کے ایون فیلڈ ریفرنس میں مریم نواز کی بریت کے فیصلے کو پاکستان کی تاریخ کا ایک اور تاریک دن قرار دیدیا۔

ڈاکٹر عاصم کی زیر صدارت نیشنل ٹاسک فورس کو ٹریم کا اجلاس

نیشنل ٹاسک فورس کو ملکی میڈیسن مارکیٹس کی نگرانی سخت کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) نیشنل ٹاسک فورس کو ملکی میڈیسن مارکیٹس کی نگرانی سخت کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سی ای او ڈریپ ڈاکٹر عاصم رؤف نے نیشنل ٹاسک فورس کو ہدایت کی ہے کہ وہ ملکی میڈیسن مارکیٹس کی سرویلنس تیز کرے اور دفاق، صوبائی میڈیسن ایسکوائرمنٹ میں تعاون بڑھایا جائے۔ جعلسازی کے ڈاکٹر عاصم کی زیر صدارت نیشنل ٹاسک فورس کی ٹیم کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر سے ورگ ایسکوائرمنٹ (بقیہ نمبر 9)

لاہور: چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بورڈ سارہ احمد سے میو ہسپتال کے شعبہ نفسیات کے سربراہ ڈاکٹر علی مہدی ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

ٹیکس فراڈ کیس، شکیرا کو 8 سال قید کی سزا سنائے جانے کا امکان

لندن (نیوز ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ گولیئن گلوکار و شکیرا ٹیکس فراڈ کے الزام میں 8 سال قید کی سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، ہسپانوی عدالت کی جانب سے 14.31 ملین ڈالرز کے ٹیکس فراڈ کے مقدمے کی سماعت کے لیے گلوکارہ شکیرا کو کچھ قانونی مشکلات کا سامنا ہے۔ شکیرا نے ٹیکس فراڈ کیس کو مل کر نیکل پیشکش کو ٹھکرا دیا

پاک بحریہ میں میری ٹائم کے عالمی دن کا انعقاد

چیف آف ڈیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے اس دن کے موقع پر جدید ٹیکنالوجیز کے استعمال پر روشنی ڈالی

چیف آف ڈیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے اس دن کے موقع پر جدید ٹیکنالوجیز کے استعمال پر روشنی ڈالی

ممبر داران کے کردار کو مثالی بنانے کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں

زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے ممبر داران اپنا بھرپور کردار ادا کریں' پیر سید حسین جہانیاں گردیزی

قصور (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت/ صدر ممبر داران ایسوسی ایشن پنجاب پیر سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ ممبر داران کے کردار کو مثالی بنانے کیلئے (بقیہ نمبر 22)

گندم کی قومی پیداوار 27 ملین ٹن سے 29 ملین ٹن ہونیکا امکان

گزشتہ مارچ اپریل میں پاکستان میں گندم کی فصل سے 27 ملین ٹن گندم پیدا ہوئی تھی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک بحریہ میں میری ٹائم کا عالمی دن منایا گیا۔ اس سال کا موضوع 'گریز پھنگ کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ہے' جس کا مقصد بحری سٹکرز کی تیار ہا کے لیے ماحول دوست نظام اپنانے کی ضرورت کو اجاگر کرنا ہے جو کہ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے مقاصد سے ہم آہنگ ہے۔ چیف آف ڈیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے اس دن کے موقع پر اپنے (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد (بیورو چیف) وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اور وزارت خوراک و زراعت ذرائع کے مطابق حالیہ تاریخی سیلاب کے باوجود پاکستان میں جنی فصل سے قطعاً اندازے کے مطابق 29 ملین ٹن گندم کی پیداوار کا تخمینہ ہے۔ گزشتہ مارچ اپریل میں (بقیہ نمبر 7)

لاہور میں بیوی کے قتل کے 15 سال بعد مقدمہ درج، شوہر گرفتار

لاہور (این این آئی) تھانہ نیو بلاک میں 15 سال بعد خاتون کے قتل کی ایف آئی آر درج کرلی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ملزم نے بیوی کے قتل کی واردات کی لیکن واقعے کی ذمہ ایف آئی آر درج ہوئی نہ لاش ملی۔ ملزم ریاست علی (بقیہ نمبر 16)

ایک دن میں 3 کشمیری نوجوان شہید

سری نگر (آن لائن) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جارحیت میں 24 گھنٹوں میں تین کشمیری نوجوان شہید ہوگئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جنت نظیر وادی کے ضلع کلگام کے ایک گاؤں میں گزشتہ روز سے عام نہار سرچ آپریشن جاری ہے جس کی (بقیہ نمبر 15)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے لاگ ترجمان
ABC
Regd. No. 0-1-P
بانی: عبدالرشید قریشی مرحوم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ٹرانس جینڈر ایکٹ پر نظریاتی کونسل کی سفارشات

وفاقی حکومت کی طرف سے ٹرانس جینڈر ایکٹ کی منظوری کے بعد سے ملک کے مذہبی، سیاسی اور سماجی حلقوں کی طرف سے مخالفانہ بیانات اور اعتراضات کا ایک سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ منظور کیے جانے والے قانون کو خلاف اسلام و شریعت قرار دیا جا رہا ہے اور اسے واپس لینے یا ترامیم کے ساتھ دوبارہ پیش کئے جانے کے مطالبات زور پکڑ گئے ہیں جبکہ اسلامی نظریہ کونسل نے بھی ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018 کو غیر شرعی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس ایکٹ میں شامل بعض دفعات شرعی اصولوں کے ساتھ ہم آہنگ نہیں، اعلیٰ سطحی اجلاس کے بعد جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اسلامی نظریاتی کونسل نے حقیقی مخنث کے حقوق کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانس جینڈر ایکٹ نئے نئے سماجی مسائل پیدا کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ حکومت ٹرانس جینڈر افراد سے متعلق ایکٹ کے جائزے کے لیے کمیٹی بنائے۔ کمیٹی اسلامی نظریاتی کونسل، علماء، ماہرین قانون اور ماہرین طب پر مشتمل ہو۔ کمیٹی خواجہ سراؤں کے بارے میں قانون کا تفصیلی جائزہ لے۔۔

بہتر تو یہی تھا کہ ٹرانس جینڈر ایکٹ ایوان میں پیش کیے جانے سے پہلے اس پر اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے بھی حاصل کر لی جاتی اور اس کی روشنی میں اس حوالے سے پیش رفت کی جاتی تو مذہبی اور عوامی حلقوں کی طرف سے اس قدر اعتراضات نہ آتے لیکن ایسا نہیں کیا گیا اور عجلت میں ہی اسے دونوں ایوانوں سے منظور کروا لیا گیا جس کی وجہ سے ایکٹ متنازعہ بن گیا۔ اب اسلامی نظریاتی کونسل نے مذکورہ ایکٹ کو خلاف شرع قرار دینے کے بعد ریویو کے لیے کمیٹی قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے جو درست اور صائب ہے کیونکہ اس ایکٹ نے موجودہ حکومت کے بارے عوام الناس کے دلوں میں جو شکوک و شبہات پیدا کئے ہیں ان کا ازالہ ہو سکے گا۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے یقینی طور پر اس قانون کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لینے کے بعد ہی اسے غیر شرعی قرار دیا ہے۔ اب یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے ایک کمیٹی تشکیل دے جس میں نظریاتی کونسل سمیت تمام مکاتب فکر کے نمائندہ علماء ماہرین نفسیات و ماہرین طب کو شامل کیا جائے اور پھر ان سب کی متفقہ رائے سے جو رپورٹ مرتب کی جائے اسی کے مطابق عمل کیا جائے۔

پاک فوج کی قربانیاں

لقمان شیخ

اگلے روز پاک فوج کا ایک ہیلی کاپٹر بلوچستان کے علاقے ہرنائی کے قریب گر کر تباہ ہو گیا جس کے نتیجے میں 2 بلنس سمیت ہیلی کاپٹر میں سوار تمام 6 جوان رتبہ شہادت پر فائز ہو گئے۔ گزشتہ ماہ بھی پاک فوج کے افسران اور جوان ہیلی کاپٹر گرنے سے شہید ہوئے تھے جن میں کور کمانڈر کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل مرزا ظہیر بھی شامل تھے۔ ایک ہی ماہ بعد پھر سے جوانوں کا اسی طرح کے حادثے میں شہید ہونا جاں لیوا افسوس ہے۔ پاک فوج ایک ایسا ادارہ ہے جہاں فوجی جوان شہادت کے لیے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔ فوج کی اتنی لازوال قربانیوں کے باوجود انہیں تنقید کے نشتر برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ جدید جمہوری ریاستی ڈھانچے میں فوج ان چار اداروں میں سے ایک ہے جو کسی ملک کے لیے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ پاکستان بھی ایک جدید جمہوری ریاست ہے جہاں فوج روزانہ اس اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ پاکستان کی بنیاد میں فوجی جوانوں کا خون بہتا ہے۔ ہماری فوج کی جدوجہد ہی ہم اس ملک میں سکون سے رہ رہے ہیں۔ پاک فوج نے اس سرزمین پر دہشت گردی کے عفریت کو جکل کر دنیا کے مشکل ترین میدان جنگ میں کامیابی حاصل کی۔ پاک فوج کی کمان سنبھالتے ہی کوئی آسان کام نہیں کیونکہ یہ پوسٹ اپنے ساتھ کئی پیچیدگیاں بھی لے کر آتی ہے۔ بہت زیادہ دباؤ سے نمٹنے کا یہ مشکل کام صرف مضبوط اعصاب والا آدمی ہی انجام سکتا ہے۔ جنرل قمر جاوید باجوہ گزشتہ چھ سال سے پاک فوج کی کامیابی سے قیادت کر رہے ہیں۔ ہماری مسلح افواج کے تمام ادارے بشمول پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھا رہے ہیں۔ ہمارے ملک کی صورحال کو مدنظر رکھتے ہوئے فوج پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ کچھ یوٹیوبرز آرمی کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ وہ ایسا کر کے دشمنوں کے مذموم عزائم کی مدد کر رہے ہیں۔ جنرل قمر جاوید باجوہ اس وقت مسلح دنیا کی سب سے بڑی اور پوری دنیا کی نویں بڑی فوج کی قیادت کر رہے ہیں۔ یہاں یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ جنرل باجوہ واقعی مضبوط اعصاب کی حامل شخصیت ہیں۔ وہ اتنے بکھرا ہیں کہ وہ اپنے ناقدین کو جواب دینے کی زحمت نہیں کرتے۔ یہ امر جنرل باجوہ کی اعلیٰ ظرفی کو ظاہر کرتا ہے جو ہماری فوج کی بہادری سے قیادت کر رہے ہیں۔ فوج رجسٹ سے تعلق رکھنے والے، جنرل باجوہ نے 1977 میں پاک فوج میں کمیشن حاصل کیا تھا اور وہ گزشتہ چار دہائیوں سے زائد عرصے سے یونیفارم پہنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے 29 نومبر 2016 کو مسلم دنیا کی سب سے بڑی فوج کی کمان حاصل کی اور ایک مضبوط مشن کی مزید قیادت کرنے والے 10 ویں چیف آف آرمی سٹاف بن گئے۔ ان کے پاک فوج کی کمان سنبھالتے ہی دہشت گرد تنظیموں کے خلاف آپریشن ردالفساد شروع کیا گیا۔ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف ملک بھر میں کامیاب کارروائیاں کی گئیں۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری کی پیک کا آغاز صرف اس فوجی قیادت میں ہونے والے آپریشن کی کامیابی کی وجہ سے ہوا تھا۔ گوادر سے کراچی تک دہشت گردوں کو جکل کر پاکستان کو پُرامن ملک بنایا گیا۔ یہ آپریشن گزشتہ چھ سال سے جاری ہے اور دہشت گردوں کے منگلوں سے محفوظ ٹھکانے تباہ کیے جا چکے ہیں۔ یہ صرف جنرل باجوہ کے دور کی وجہ سے کہ امریکہ کو افغانستان سے نکلنے کے لیے پاکستان کی مدد لینا پڑی۔ جنرل باجوہ نے اتنی چالاکی سے اپنے پتے کھیلے کہ عالمی سپر پاور پاکستان کی اہمیت کو ماننے پر مجبور ہوگئی اور امریکہ نے اس افغان گیم میں ہمارا ساتھ مانگا۔ اسی طرح جس میں اس سے پہلے کی کوئی مثال نہیں تھی جب جنرل باجوہ کے دور میں کیا گیا۔ شہداء کے اہل خانہ سے ملنے سے لے کر آپریشن ردالفساد کی کامیابی تک، مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے سے لے کر امریکہ کو افغانستان سے نکالنے تک اور پاکستان میں کرکٹ کی بحالی سے لے کر فرنٹ لائن پر اپنے فوجیوں کے ساتھ عید کے دن گزارنے تک، جنرل باجوہ کی کامیابیوں کی فہرست کافی لمبی ہے۔ یہ صرف جنرل باجوہ کی وجہ سے ہے کہ پاکستان فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (FATF) کی گرے لسٹ سے نکلا۔ انہوں نے اپنے وژن کے ذریعے پاکستان کو سفارتی تنہائی سے نکالا، انہوں نے چین، امریکہ، سعودی عرب، برطانیہ، برنمی اور دیگر کئی ممالک کا دورہ کیا جنہوں نے بیرونی دنیا کے ساتھ تعلقات کو برقرار رکھنے میں پاکستان کی مدد کی۔ حال ہی میں انہیں سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے سب سے بڑے اعزاز سے نوازا گیا۔ جنرل باجوہ وہ پہلی عدالت ہے کہ ان کے ہاں ملک ہمیشہ کی آمد کو خوشخبری سنا دی ہے مرحلہ 2020 میں رشتہ ازواج میں منسلک ہوئی تھیں۔ مرحبا اعضر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ انسٹاگرام پر اپنے شوہر کے ساتھ ویڈیو پوسٹ کی۔ ویڈیو میں ادا کارہ شوہر کے ساتھ

سپریم کورٹ نے پالی ووڈ کے کنگ خان کو بے گناہ قرار دے دیا

کیا سلمیرخ ہونا شاہ رخ خان کی غلطی ہے ؟ سپریم کورٹ

سمتی (این این آئی) بھارتی سپریم کورٹ نے شاہ رخ خان کو بے گناہ قرار دیتے ہوئے اگلے خلاف ورزی اپیل خارج کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پالی ووڈ سپر اسٹار کے خلاف 2017 میں قلم رئیس کی پرموشن کے دوران ایک شخص کی ہلاکت اور حقدر کے زخمی ہونے پر کرمنل کیس رجسٹرڈ کیا گیا تھا۔ گجرات ہائیکورٹ نے فیصلے کا موقع کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ کیا سلمیرخ ہونا شاہ رخ خان کی غلطی ہے؟ ایک شہر کی کے بھی اتنے ہی حقوق ہیں جتنے کے عام شہری کے بڑیں میں سفر کرنے پر کوئی کسی کی گاڑی نہیں لے سکتا۔

دیشا پٹانی اب فوٹو گرافر بھی بن گئیں، چند تصاویر شیئر کر دیں

سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر چند تصاویر شیئر کیں، جو انہوں نے خود کلک کی ہیں

سمتی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ دیشا پٹانی ساتھ ہے کہ سپر اسٹار سوریا کی 42 ویں فلم کے سیٹ پر فوٹو گرافر بن گئیں۔ دیشا پٹانی جو فلم کی شوٹنگ کے سلسلے میں گوا میں ہیں، انہوں نے کیس، جو انہوں نے خود کلک کی ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر چند تصاویر شیئر کیں، وہ خوبصورت قدرتی مناظر کی ہیں۔ انہوں نے کیپشن میں لکھا کہ یہ میں نے شوٹ کی ہیں۔ دیشا پٹانی نے سوشل میڈیا پر جو تبلی 2

میرا کا ازابیل کیف کو فلم کی کاسٹ میں شامل کرنے کا دعویٰ

ازابیل کیف کو اپنی ہی آنے والی فلم میں شرکت کیلئے خوش آمدید کہتی ہوں

لاہور (این این آئی) ناموراداکارہ میرا نے بالی ووڈ سٹار کیٹرینہ کیف کی بہن ازابیل کیف کو اپنی فلم کی کاسٹ میں شامل کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ میرا نے بالی ووڈ اداکارہ کیٹرینہ کیف کی بہن ازابیل کیف کا شکریہ ادا کیا ہے جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اس ویڈیو میں میرا کو یہ کہتے سنا جا سکتا ہے کہ آپ نے لاک ڈاؤن کے دوران ہماری رہنمائی اور مدد کی، اور آپ نے دبئی میں شوٹنگ کی اجازت دلوائی اور اس حوالے سے کام کیا جس پر میں آپ کی شکر گزار ہوں۔

ٹیکس فراڈ کیس: شکیرا کو 8 سال قید کی سزا سنائے جانے کا امکان

گلوکارہ شکیرا نے ٹیکس فراڈ کیس کو حل کرنے کی پیشکش کو ٹھکرا دیا

اس انکیس (این این آئی) مالی شہرت یافتہ کولمبین گلوکارہ شکیرا کو ٹیکس فراڈ کے الزام میں 8 سال قید کی سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ہسپانوی عدالت کی جانب سے 14.3 ملین ڈالرز کے ٹیکس فراڈ کے مقدمے کی سماعت کیلئے گلوکارہ شکیرا کو کچھ قانونی مشکلات کا سامنا ہے۔ شکیرا نے ٹیکس فراڈ کیس کو حل کرنے کی پیشکش کو ٹھکرا دیا اور اب عدالت میں اس ٹیکس کی سماعت کا سامنا کرنا پڑے گا جہاں انہیں 8 سال قید کی سزا بھی سنائی جا سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، عدالت نے اس مقدمے پر کارروائی آگے بڑھانے کی اجازت دے دی۔

صرحا اصغر نے اپنے ہاں ننھے مہمان کی آمد کی خوشخبری سنا دی

لاہور (این این آئی) ناموراداکارہ صرحا اصغر نے پرستاروں کو اپنے ہاں ننھے مہمان کی آمد کی خوشخبری سنا دی ہے۔ مرحبا اصغر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ انسٹاگرام پر اپنے شوہر کے ساتھ ویڈیو پوسٹ کی۔ ویڈیو میں اداکارہ شوہر کے ساتھ

ادا کار نمرہ خان انسٹاگرام پر چھا گئیں، دلچسپ ویڈیو وائرل

ویڈیو میں اداکارہ ہاتھوں کی مدد سے منفرد کرتب دکھا رہی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ نمرہ خان کی دلچسپ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر نمرہ خان نے ویڈیو شیئر کی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ ہاتھوں کی مدد سے منفرد کرتب دکھا رہی ہیں۔ اداکارہ کی ویڈیو کو مداحوں اور سماجی اداکاروں نے بھی بہت پسند کیا۔ نمرہ نے چند گھنٹوں میں ویڈیو شیئر کی جسے اب تک ہزاروں صارفین دیکھ چکے ہیں اس پر اپنی رائے بھی دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ نمرہ سوشل میڈیا کی متحرک رہتی ہیں اور آئے دن بیشتر اپنی مزاحیہ ویڈیوز شیئر کرتی رہتی ہیں۔

فلم اور ٹی وی کا مزاج بالکل الگ ہے ٹی وی میں مارجن مل جاتا ہے

فلمی دنیا کے لئے میرے اصل نام نذیر کو چھوڑ کر ندیم نام تجویز کیا گیا، ندیم بیگ

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار ندیم بیگ نے کہا ہے کہ فلم انڈسٹری میں آنے سے پہلے نذیر تھا لیکن میرے سے پہلے فلم انڈسٹری میں نذیر صاحب موجود تھے اس لئے میرا نے میرا نام تجویز کیا گیا اور ندیم بیگ قاسی سے لگا کہ ہونے کی وجہ سے میں نے اپنا نام ندیم رکھ لیا۔ فلم اور ٹی وی کا مزاج بالکل الگ ہے ٹی وی میں اداکار کو کام کرنے کا مارجن مل جاتا ہے۔ ایک انٹرویو میں ندیم بیگ نے کہا کہ فارغ اوقات میں کتابیں پڑھتا ہوں، مجھے شاعری سے بھی لگاؤ ہے اور ایک دوشعر بھی کہہ لیتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میرا اصل نام تو ندیم بیگ ہے لیکن احمد ندیم قاسمی کی وجہ سے میرا نام ندیم ہوا فلموں میں آیا تو نذیر صاحب پہلے فلموں تھے۔

آمد رسول ﷺ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

آج سے تقریباً سوا چودہ سو سال قبل تمام دنیا ظلم و جبر اور جہالت کی تاریکی ہوئی تھی اہل فارس آگ کی پوجا اور ماں کے ساتھ وطی کرنے میں مصروف تھے ترک شب و روز انسانی بستیوں کو تباہ و برباد کر رہے تھے بندگان خدا شدید اذیت میں مبتلا تھے ان کا دین بتوں کی پوجا اور کمزور بے بس انسانوں پر ظلم کرنا تھا۔ ہندوستان کے لوگ بتوں کی پوجا اور خود کو آگ میں جلانے کے سوا کچھ نہیں جانتے تھے یہودی جیسی اجتماعی پوجا رسم کو جائز سمجھتے تھے یہ عالمگیر ظلمت اس امر کی متقاضی تھی کہ ایک مسیحا اعظم اس ظلمت کو دنیا کے لیے معبوث ہو اس کے لیے خالق کائنات نے عرب کی سرزمین کو چنا اس وقت سرزمین عرب تمام برائیوں کی آماجگاہ بنی ہوئی تھی۔ اہل عرب میں ہر طرح کی برائی موجود تھی عرب میں زیادہ تر لوگ خانہ بدوشوں کی زندگی گزارتے تھے ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرتے رہتے جہاں پانی اور سبزہ نظر آتا وہیں ڈیرہ جما لیتے چار چار بیویاں ہوتیں سیت کرتا گل دیتے تھے یہی وہ دنیا داری جو تھی کہ منشیات اور دیہات بہت سے لوگوں کا آماجگاہ بنی ہوئی تھی۔ جنرل باجوہ کے برابر تھا اور نہ ہی کوئی باقاعدہ مضبوط حکومت تھی۔ ان حالات میں طاقت ور کا راج تھا مظلوم کی دادرسی کرنے والا کوئی نہ تھا طاقت ور اپنی طاقت کے زور پر اپنی مرضی کرتا اور کمزور طبقہ طاقتوروں کی غلامی پر مجبور تھا۔ زیادہ تر قبائلی سسٹم تھا ہر قبیلے کا ایک سردار ہوتا چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑا شروع ہوتا جو برسوں تک چلتا لڑائیوں میں بے شمار لوگ مارے جاتے جانب قبیلہ مغلوب قبیلے کی عورتوں اور بچوں کو غلام بنالیتے عرب میں شام کا سٹرکیا تو وہاں پر بتوں کی پوجا کو دیکھا تو متاثر ہو کر واپس پر اپنے ساتھ ایک بت بھی لے آیا اور الکرا سے خانہ کعبہ میں نصب کر دیا۔ عرب میں بت پرستی کا بانی ہبل شخص تھا اس نے اہل کہ بوت پرستی کی دعوت دی جس پر اہل یہ کہنے لگے ایک کہا اس طرح عرب میں بت پرستی کا آغاز ہوا اس بعد طائف میں لات نامی بت وجود میں آیا پھر وادی نخلہ میں عزی نامی بت دکھا گیا یہ تین عرب کے سب سے بڑے بت تھے۔ اس کے بعد عرب کے ہر خطے میں بتوں کی بھرمار ہو گئی جدہ میں بہت سارے مدفون بت نکالے گئے اور جب حج کا زمانہ آیا تو ان بتوں کو مختلف قبائل میں تقسیم کر دیا گیا اس طرح ہر قبیلے اور ہر ہر گھر میں ایک ایک بت رکھ دیا گیا مشرکین نے خانہ کعبہ کو بھی بتوں سے بھر دیا گیا۔ بیت اللہ کے گرداگرد تین سو ساٹھ بت تھے۔ غرض شرک اور بت پرستی اہل جاہلیت کے دین کا سب سے بڑا مظہر بن گئی۔ مشرکین بتوں کے پاس مجاور بن کر بیٹھے انہیں زور زور سے پکارتے۔ مشرکین عرب کا ہنوں اور نجومیوں کی باتوں پر ایمان رکھتے مختلف بڑیاں گھروں میں لٹکاتے۔ بعض دنوں، مہینوں میں جانوروں گھروں اور عورتوں کو نحوس سمجھتے بیماریوں اور چھوت کے بہت زیادہ قائل تھے۔ روح کے اڈ بن جانے کا عقیدہ رکھتے تھے بڑے درختوں کی پوجا کرتے تھے۔ بیماری کا علاج جادو منتر و نے ٹوٹکوں سے کرتے۔ ہر طرف بداخلاقی، بے انصافی قتل و غارت کا دور دورہ تھا گویا عرب اور پوری کائنات اندھیر نگری بن چکی تھی بندگان خدا کے حقوق بری طرح پامال ہو رہے تھے۔ خالق کائنات کا ہمیشہ سے یہ اصول رہا ہے کہ جب بھی انسانوں کی حالت زار آخری حدوں تک پہنچ جاتی ہے تو وہ کسی مسیحا کو بھیج دیتا ہے اور پھر کرہ ارض کی سب سے فتحی ساعت طلوع ہوئی رب کعبہ نے ایک ایسا مسیحا اعظم بھیجا جس کی ایک جنبش چشم سے صدیوں سے بیمار اور پیاسی روحوں کو سیرابی ملنے والی تھی وہ مسیحا کہ روز اول سے قیامت تک پیدا ہونے والے انسانوں میں ایک بھی ایسا نہیں جو اس مسیحا کے پیروں سے اٹھنے والی خاک کو بھی چھو سکے۔ جنڈیوں کا سکمران، جسموں اور روحوں پر حکومت کرنے والا قیامت تک آنے والی امنہ کی امانت اور تکیف روحوں کو روشن کرنے والا، مردہ دلوں کو اپنے سوز دل سے زندگی کی حرارت بخشنے، سنگلاخ زمینوں کی طرح بنجر روحوں کو روشن کرنے والا ایک ایسا مسیحا جس کے قدموں سے اٹھنے والے غبار کا ایک ذرہ جس پر بھی پڑا وہ سونے کے ڈھیر میں تبدیل ہو گیا۔ صدیوں سے سسکتی تڑپتی انسانیت کی پیاس بجھانے کے لیے حضرت آمنہ کے لال 9 ربیع 12 الاول کو دوشنبہ کے دن فجر کے وقت رحمت دو عالم دنیا میں تشریف لائے آپ ﷺ کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح نورانی اور آنکھیں قدرت الٰہی سے سرگیں۔ آپ کا نام محمد رکھا گیا۔ حضرت آمنہ فرماتی ہیں جب آپ کی ولادت ہوئی تو میرے پورے جسم سے ایک نور نکلا جس سے ملک شام کے محل روشن ہو گئے بصریٰ رواتیوں میں بتایا گیا ہے کہ ولادت کے وقت ایوان کسریٰ کے چودہ کنگورے گر گئے۔ فارس کا بڑا دریا سوکھ رہا ہے جلتا آتش کدہ بجھ گیا۔ عرب کے سارے بت منہ کے بل گرے اور سرنگوں ہو گئے بحیرہ ساوہ خشک ہو گیا اس کے گرجے منہدم ہو گئے۔ حضرت آمنہ کے لال کے نور سے ساری کائنات جگمگا اٹھی اور آپ کی خوشبو سارا عالم معطر ہو گیا۔

ورلڈ کپ قریب ہونے کی وجہ سے احتیاط کر رہا ہوں

میں پنڈلی کی تکلیف کے بعد سے بہتر محسوس کر رہا ہوں، جوز بٹلر

لاہور (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان جوز بٹلر نے کہا ہے کہ ورلڈ کپ سے قبل کھیلنا چاہیے لیکن ورلڈ کپ قریب ہونے کی وجہ سے احتیاط کر رہا ہوں۔ جوز بٹلر نے برطانوی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا کہ میں پنڈلی کی تکلیف کے بعد سے بہتر محسوس کر رہا ہوں، تھوڑا محتاط ہوں اور آہستہ آہستہ چیزوں کو لے رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایسا محسوس کیا جیسے ورلڈ کپ کا ٹیم ہو، اگر مجھے کھیلنا پڑا تو میں کھیل سکتا تھا۔ واضح رہے کہ جوز بٹلر پنڈلی میں تکلیف کے باوجود ٹیم کے ہمراہ پاکستان میں موجود ہیں تاہم انہوں نے اب تک ٹی ٹوئنٹی سیریز کا کوئی میچ نہیں کھیلا، ان کی جگہ معین علی ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز دوسری انگلر کے آخری اوور میں عامر جمال کی شاندار بولنگ کی بدولت پاکستان نے انگلینڈ کو پانچویں ٹی ٹوئنٹی میں 6 رنز سے شکست دی تھی۔

آخری اوور میں اپنے اعصاب پر قابو رکھا جس کی وجہ سے کامیابی ملی

کراچی میں میچ سے قبل مائیکل بٹا کو سہارا تھا گلے روز ڈیبو ہے، عامر جمال

لاہور (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹی ٹوئنٹی میچ میں شاہین ڈیبو کرنے والے آل راؤنڈر عامر جمال نے کہا ہے کہ آخری اوور میں اپنے اعصاب پر قابو رکھا

پاکستان اور انگلینڈ کا چھٹا میچ (آج) کھیلا جائیگا

لاہور (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان سیریز کا چھٹا میچ (آج) جمعہ کو کھیلا جائیگا۔ میچ پاکستانی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا، پاکستان کو سیریز میں 2-3 سے برتری حاصل ہے۔ تفصیلات کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کے دیگر 2 میچز 30 ستمبر (جمعہ) اور 2 اکتوبر (اتوار) کو لاہور میں شیڈول ہیں۔ یاد رہے کہ پاکستان کرسات میچوں پر مشتمل سیریز میں 2-3 سے برتری حاصل ہے

ڈیبو کرنے والے عامر جمال نے آخری اوور اچھا کرایا، شعیب اختر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے انگلینڈ کے خلاف پاکستان ٹیم کی کامیابی پر کہا ہے کہ ٹیم نے اچھے طریقے سے ہدف کا دفاع کیا، ڈیبو کرنے والے عامر جمال نے آخری اوور اچھا کرایا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر شعیب اختر نے پاکستان ٹیم کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ٹیم نے اچھے طریقے سے ہدف کا دفاع کیا۔ ڈیبو کرنے والے عامر جمال نے آخری اوور اچھا کرایا۔

HIGHWAYS CIRCLE NO.1 RAWALPINDI
PRE-QUALIFICATION NOTICE

Applications are invited from reputed firms / contractors, individually or in joint Venture (JV) specialized in **Highway (Roads / Bridge) works,** for pre-qualification to participate in the bidding process of the following works. Firms / Contractor registered / renewed for the year **2022-2023** in the relevant category / discipline with Pakistan Engineering Council would be eligible for application.

Sr. No.	ADP No.	Name of Works	Cost (Rs. In Million)	Location District
1	3794	Construction of High Level Bridge Including Approaches from G. T Road To Car Parking Area Of High Court Rawalpindi Bench Rawalpindi Total Length = 1652 RFT i/c construction of link road from high court bridge to gulraiz road	1006.337	Rawalpindi

Prequalification shall be conducted under Punjab Procurement Rules 2014. Broadly qualifications relevant experience, past performance; capabilities with respect to personnel, equipment, plant, financial position, appropriate managerial capacity and specifically construction of such projects on the credit of the firm shall be the criteria of pre-qualification.

Interested firms / contractors shall obtain / purchase set of Pre-qualification evaluation criteria documents, list of documentary evidence required todemonstrate their qualifications and information deems necessary for prequalification bythe procuring agency, on a request to the Superintending Engineer Highway Circle, No-I Rawalpindi on payment of Rs.3,000/-. Only the prequalified contractors/ Firms shall be entitled to participate in the subsequent procurement proceeding.

Pre-qualification documents shall be purchased during office hours from Superintendent, Highways Circle No. 1 Rawalpindi. The last date for receipt of prequalification applications shall be **15-10-2022** till closing of office hours.

Executive Engineer
Highway Division Rawalpindi

IPL-9724

Superintending Engineer
High Circle No 1 Rawalpindi

محمد رضوان اور عامر جمال نے شاندار کارکردگی دکھائی

رضوان نے ہمیشہ کی طرح شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، بابر اعظم

لاہور (این این آئی) انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹی ٹوئنٹی میچ میں کامیابی پر کپتان بابر اعظم نے ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ محمد رضوان اور عامر جمال نے شاندار کارکردگی دکھائی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بابر اعظم نے لکھا کہ سو فیصد کارکردگی دکھانے پر مجھے فخر ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان نے کہا کہ رضوان نے ہمیشہ کی طرح شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، عامر جمال نے بھی اعصاب پر قابو پا کر اچھی کارکردگی دکھائی۔

کرسچن ٹرنر کالاہوریوں کیلئے اردو میں خصوصی پیغام وائرل

لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں موجود ہوں، میں یہاں کے منظر یاں نہیں کر سکتا

لاہور (این این آئی) بر طانوی بالی کشمر کرسچن ٹرنر کا لاہوریوں کیلئے اردو میں جاری کردہ خصوصی پیغام سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے پیغام میں انگلینڈ کو پانچویں ٹی ٹوئنٹی میں 6 رنز سے شکست دینے پر کہا کہ میں لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں موجود ہوں، میں یہاں کے منظر یاں نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے سنسنی خیز مقابلوں کے بعد یہ کراوڈ ایک ایم کو سپورٹ کرنے آیا ہے۔ کرسچن ٹرنر نے لاہوریوں سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ کامل کھیل تو اب شروع ہو گا، کیا آپ تیار ہیں؟ واضح رہے کہ گزشتہ روز دوسری انگلر کے آخری اوور میں عامر جمال کی بولنگ کی بدولت پاکستان نے انگلینڈ کو پانچویں ٹی ٹوئنٹی میں 2-3 کی برتری حاصل کر لی۔

Show Biz
شوبز کارنر

SPORTS
کھیل کھلاڑی

بقیہ 1

کہ اسد مجید اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، غیر ذمہ دارانہ کام خان صاحب نے کیا، غلطی عمران خان کرے اور سزا اسد مجید کو دوں، یہ ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہمارے خارجہ تعلقات کو نقصان پہنچایا، سیلاب متاثرین کی مدد پہلا اور سیاست بعد کا کام ہے، جو اس وقت سیاست کر رہا ہے وہ دراصل سیلاب متاثرین کی زندگی سے کھیل رہا ہے، الیکشن کا مطالبہ سیلاب زدگان کی زندگیوں سے کھیلنا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے لیے جتنا بھی کیا جائے ناکافی ہو گا، پاکستان اور بھارت کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق مل کر کام کرنا چاہیے، موسمیاتی تبدیلی کا شکار 10 بڑے ممالک کو مل کر آواز اٹھانا ہوگی، سیلاب متاثرین کی مدد پہلا اور سیاست بعد کا کام ہے۔

بقیہ 2

نے بڑا فیصلہ کرلیا۔ نیب میں جاری پچاس کروڑ سے نیچے والے تمام سیاسی افراد کے ریفرنسز اور محکموں کے کیسز کی تحقیقات اب اینٹی کرپشن پنجاب کرے گا۔ ذرائع وزیراعلیٰ آفس کے مطابق اینٹی کرپشن پنجاب کی جانب سے قومی احتساب بیورو) نیب لاہور (کو خط لکھا جائے گا اور 50 کروڑ سے نیچے والے تمام کیسز کی تفصیلات مانگی جائیں گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور وزیراعلیٰ پرویز الٰہی کی منظوری کے بعد اینٹی کرپشن پنجاب کی جانب سے خط لکھا جارہا ہے۔

بقیہ 3

خان نے سیاسی مفاد کیلئے ملکی مفاد کو داؤ پر لگایا، آڈیو کی تحقیقات ہونی چاہیے، خطرناک بات یہ ہے کہ آپ نے غلط جھوٹا بیانیہ بنایا اس جھوٹے بیانیے کی بنیاد کے اوپر آپ نے اپنی اسٹیبلشمنٹ پر الزامات عائد کئے' عمران سیاسی بیانیہ بنانے کیلئے پاکستان کی خارجہ پالیسی کو داؤ پر لگا دیا' وزیراعظم کا دفتر انتہائی غیر محفوظ ہے اور وہاں پر عمران خان موجود تھے تو ان کی گفتگو ڈارک ویب پر آگئی ہے اور شہباز شریف کی بھی آگئی ہے اس کے علاوہ اور کیا کیا چیزیں آنے والی ہیں۔ اب عمران خان کا جو مطالبہ ہے کہ اس کی انکوائری ہونی چاہئے۔ انکوائری یہ ہونی چاہئے کہ عمران خان اور اعظم خان انہوں نے اس میں جو کھیل کھیلا تو اس کھیل میں اور کون کون شامل ہوا۔ اعظم خان اور عمران خان دونوں کو قوم کو جواب دینا چاہئے۔ عمران خان کا جو مطالبہ ہے کہ اس پر انکوائری ہونی چاہئے۔ ان دونوں سے بھی اس معاملے پر پوچھا جانا چاہئے کہ آپ دونوں نے جو یہ کھیل کھیلا ہے اپنے سیاسی مفاد کے لئے پاکستان کا مفاد داؤ پر لگایا آپ یہ کس طرح کر سکتے ہیں۔ اطلاع یہی ہے کہ تحقیقاتی اداروں کو یہ پتہ چل چکا ہے کہ یہ ساری جو آڈیو لیکس ہیں ان کو ڈارک ویب پر پہنچانے والے سہولت کار کون ہیں۔ اس سلسلے میں جب تفصیلات سامنے آئیں گی تو پتہ چلے گا کہ میڈیا انڈسٹری کے کچھ لوگوں نے بھی اس میں سہولت کار کا رول ادا کیا ہے۔ آنے والے دنوں میں پاکستان کے کچھ اور سیاستدانوں کی آڈیوز اور ویڈیوز سامنے آسکتی ہیں۔

بقیہ 4

سے بچاؤ کیلئے خصوصی میڈیکل کیمپ لگائے گئے ہیں اور سیلاب زدگان کی بحالی و آبادکاری کے کام کی خود نگرانی کر رہا ہوں۔ وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ Dhabi گروپ کی جانب سے سٹیٹ آف دی آرٹ مبارک سینٹر کے منصوبے میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتے ہیں اور متحدہ عرب امارات کے وزیر شیخ نہیان بن مبارک النہیان کے دل کی اتھا گہرائیوں سے مشکور ہیں۔ اس پراجیکٹ میں 7 سٹار ہوٹل بھی شامل ہے، جس میں بین الاقوامی کھلاڑیوں کو ٹھہرایا جائے گا

بقیہ 5

اور عمران خان کی آڈیوز سامنے آنے کے بعد ردعمل دیتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے اپنے بیان میں کہا کہ جلد ہی پی ڈی ایم کا اجلاس بلا کر پالیسی امور کو اپ ڈیٹ کریں گے، ہم قوم کو داخلی تقسیم کے آشوب سے نکال کر ملی وحدت کی طرف لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ سیاسی و معاشی بحرانوں پر قابو پایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک میں سیاسی استحکام ہی معاشی ارتقا کا زینہ اور قومی سلامتی کی مضبوط اساس بنتا ہے، سیاسی استحکام کے حصول کی بنیادی دستاویز وہ آئین ہے جو یہاں کے 22 کروڑ عوام کی اجتماعی سوچ کا مظہر ہے اور قومی میثاق کا درجہ رکھتا ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے ملک کو صرف اقتصادی طور پر ہی کمزور نہیں کیا بلکہ نفرت اور انتقام کی سیاست کے ذریعے قومی وحدت کو بھی پارہ پارہ کر دیا، پی ٹی آئی نے ہماری سماجی اقدار اور سیاسی روایات کو پامال کر کے باہمی احترام، سیاسی رواداری اور نوجوان نسل کی اخلاقیات کو آلودہ کر دیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ عمران نیازی نے دانستہ پارلیمنٹ کو کمزور، عدلیہ اور الیکشن کمیشن سمیت تمام اداروں کو متنازعہ بنایا، پی ڈی ایم تقسیم اختیارات کے آئینی فارمولہ پہ مکمل درآمد یقینی بنا کر قومی اداروں کی ساکھ کی بحالی یقینی بنائے گی۔ پی ڈی ایم صدر کا مزید کہنا تھا کہ امید ہے کہ پی ڈی ایم حکومت سیلاب کی تباہ کاریوں اور معاشی بدحالی میں گھری قوم کو بہت جلد دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے میں کامیاب ہو جائے گی۔

بقیہ 6

اعجاز الاحسن اور جسٹس منصور علی شاہ تین رکنی بینچ کا حصہ ہوں گے۔ عدالت عظمیٰ نے اٹارنی جنرل اور ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل نیب سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ واضح رہے کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے نیب ترامیم کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کر رکھی ہے جبکہ حکومت نے نیب ترامیم کے خلاف عمران خان کی درخواست خارج کرنے کی استدعا بھی کر رکھی ہے۔ سپریم کورٹ میں جمع کروائے گئے جواب میں حکومت نے کہا تھا کہ درخواست میں عوامی اہمیت اور قانونی نہیں بلکہ سیاسی معاملہ اٹھایا گیا ہے اور واضح نہیں کہ ترامیم بنیادی حقوق سے کس طرح متصادم ہیں۔

بقیہ 7

فیصد ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 0 اعشاریہ 60 فیصد ریکارڈ ہوئی ہے، پاکستان میں مزید صرف 67 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، کورونا وائرس کے زیر علاج مریضوں میں سے 85 کی حالت تشویش ناک ہے، پاکستان بھر میں اب تک 30 ہزار 613 کورونا وائرس کے مریض انتقال کر چکے ہیں، کورونا وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 15 لاکھ 72 ہزار 555 ہو چکی ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 11 ہزار 226 ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ اب تک کل 3 کروڑ 5 لاکھ 19 ہزار 794 کورونا ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح ملتان میں 2 اعشاریہ 83 فیصد، کوئٹہ میں 1 اعشاریہ 49 فیصد، لاہور میں 1 اعشاریہ 20 فیصد، کراچی میں 0 اعشاریہ 69 فیصد اور اسلام آباد میں 0 اعشاریہ 61 فیصد ریکارڈ ہوئی ہے۔

بقیہ 8

باوجود الاٹمنٹ منسوخ کردی۔ سی ڈی اے نے موقف اختیار کیا کہ ڈی ایچ اے فیز ون اسلام آباد میں نہیں پنڈی میں ہے، عدالتی دائرہ اختیار نہیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیے کہ بدقسمتی سے ڈی ایچ اے سمیت سب ہاؤسنگ سوسائٹیز میں فراڈ ہے، یہاں سپریم کورٹ بھی ہاؤسنگ سوسائٹی چلا رہی ہے آرمی کو کیا کہیں، سب کو اسلام آباد میں پلاٹ چاہیے۔

بقیہ 9

سربراہان، ڈریپ کے ڈائریکٹر کوالٹی اشورنس، لائسنسنگ نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عاصم رف نے ہدایت کی کہ غیر قانونی، جعلی، مقررہ سے زائد قیمت پر دوا کی فروخت جرم ہے، ٹاسک فورس ادویات کی مقررہ قیمت پر دستیابی یقینی بناتے ہوئے قانون شکن عناصر سے ڈریپ ایکٹ کے تحت سختی سے نمٹے۔ انھوں نے کہا کہ ہم سستی، معیاری ادویات کی دستیابی کے لیے پرعزم ہیں۔ سی ای او ڈریپ نے ہدایت کی کہ فیلڈ ٹاسک فورس ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت ایکشن لے، اور جعلی، غیر قانونی ادویات کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کیا جائے، اور سلسلے میں بھرپور اقدامات کیے جائیں۔ ڈاکٹر عاصم نے کہا کہ انھوں نے ملک کو جعلی اور غیر معیاری ادویات سے پاک کرنے کا عزم کر رکھا ہے، اب جعلی اور غیر قانونی ادویات بیچنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ ہوگا۔

بقیہ 10

اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جنوبی پنجاب، کمشنر لاہور ڈویژن محمد عامر جان کو چیئرپرسن پنجاب رنگ روڈ اتھارٹی کا اضافی چارج، بابر بشیر کو ڈائریکٹر (ایڈمن) پنجاب اوورسیز پاکستانیز کمیشن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) سیالکوٹ اویس مشتاق کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سیالکوٹ، ڈپٹی سیکرٹری ایجوکیشن جنوبی پنجاب رضوان محمود کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) سیالکوٹ، جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) وقار علی خان کو پنجاب سے ریلیو کر دیا گیا وہ وزیراعظم آفس اسلام آباد میں نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔

بقیہ 11

کہنا تھا کہ مریم نواز شریف اور کیپٹن) ر (صفدر نے بہادری، صبر اور ثابت قدمی سے مشکل ترین حالات کا سامنا کیا اور آج کے عدالتی فیصلے سے جھوٹ، بہتان، اور کردار کشی کی تمام عمارت زمیں بوس ہوگئی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ مریم نواز کا بری ہونا اس سیاسی انتقام کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ ہے جس کے ذریعے شریف خاندان کو نشانہ بنایا گیا، عدالت سے بری ہونے پر بیٹی مریم اور صفدر کو مبارک دیتا ہوں۔

بقیہ 12

کو اشتہاری ملزمان کی تقاریر ٹی وی پر نشر کرنے پر پابندی کا حکم دے۔ عدالت نے پیمرا کے ڈی جی آپریشنز کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ سماعت پر فریقین عدالت میں اپنا تفصیلی جواب جمع کرائیں، پیمرا اپنے ہی بنائے ہوئے قوانین پر عمل کیوں نہیں کر رہا۔

بقیہ 13

آڈیو لیک کردی، آپ نے ثابت کر دیا مراسلہ حقیقت ہے، کہا گیا عمران خان کو نہ ہٹایا تو پاکستان کو نقصان ہوگا، شہباز شریف گوری کے سامنے بیٹھ کر کہتا ہے ہماری مدد کریں، ہم عظیم قوم ہیں، ہم نبیؐ کے امتی ہیں، کسی انسان اور سپر پاور کے سامنے جھکنا شرک ہے، جو لوگ کرپشن کر کے عوام کا پیسہ باہر لے گئے ہیں ہم ان کو کیسے این آر او دے سکتے ہیں کیسے معاف کر سکتے ہیں، چیف الیکشن کمشنر دو نمبر آدمی ہے، قوم معاف آپ کو نہیں کرے گی، دنیا کے ہر فارم پر کشمیر کے لیے آواز اٹھائی آپ کا سفیر بنا، جب تک زندہ ہوں ہر فارم پر کشمیر کی آواز اٹھاؤں گا۔

بقیہ 14

ہوئے کہا ہے کہ میرے اور مریم نواز کے خلاف مقدمات سیاسی تھے، مقدمات کا مقصد ہمیں سیاست سے باہر نکالنا تھا، اللہ نے جھوٹوں کو بے نقاب کیا، 2018 کے انتخابات میں حصہ لینے سے روکنے کے لیے عجلت میں سزا سنائی گئی۔ اپنے بیان میں سابق وزیراعظم نواز شریف نے مریم نواز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مریم نواز کے خلاف مقدمات جھوٹے تھے، میرے اور مریم نواز کے خلاف مقدمات سیاسی تھے، مقدمات کا مقصد ہمیں سیاست سے باہر نکالنا تھا۔ نواز شریف نے کہا کہ اللہ نے جھوٹوں کو بے نقاب کیا، 2018 کے انتخابات میں حصہ لینے سے روکنے کے لیے عجلت میں سزا سنائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ چاہتے تھے کہ میں سزا سن کر پاکستان نہ آؤں، بیمار بیوی کو چھوڑ کر بیٹی کے ہمراہ گرفتاری دینے پاکستان پہنچا تھا۔

بقیہ 15

آڑ میں تین کشمیری نوجوانوں کو شہید کیا گیا ہے۔ سرچ آپریشن کے دوران قابض بھارتی فوج نے علاقے کے داخلی اور خارجی راستوں کو بند کر کے چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا۔ خواتین کے ساتھ بدتمیزی کی گئی اور بزرگوں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا۔ اس دوران قابض بھارتی فوج نے ایک گھر پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک جوان شہید اور ایک زخمی ہوگیا تھا جو گزشتہ روز دم توڑ گیا تھا جب کہ ایک اور نوجوان کو بھی فائرنگ کر کے شہید کیا گیا ہے۔ اس طرح صرف 24 گھنٹوں میں قابض بھارتی فوج کی جارحیت میں شہید ہونے والوں کشمیری نوجوانوں کی تعداد 3 ہوگئی۔ بھارتی فوج نے نوجوانوں کی لاشیں لواحقین کو دینے سے انکار کر دیا۔ والدین اپنے پیاروں کی لاشوں کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ واضح رہے کہ اسی علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے بھارتی پیراملٹری فورس کے دو اہلکار زخمی ہوگئے تھے جنھیں قریبی اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ دونوں کی حالت خطرے سے باہر بتائی گئی تھی۔

بقیہ 16

نے 15 سال پہلے بیوی کو قتل کر کے لاش کے ٹکڑے کر کے مختلف جگہوں پر پھینکے تھے۔ تبسم شہزادی کے گھر والوں نے 15 سال تک بیٹی سے رابطہ نا ہونے پر شک کا اظہار کیا۔ خاتون کی ماں اور بہن نے ملزم کو شبہ کی بنیاد پر گرفتار کروایا۔ ملزم نے گرفتاری کے بعد پولیس کی حراست میں اعتراف جرم کیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن آپریشن نے ملزم کا بیان سنا۔ پولیس انویسٹی گیشن میں پتہ چلا ملزم ہی بیوی کا قاتل ہے لیکن مقدمہ درج

INVITATION FOR BIDS/TENDER NOTICE

The District Health Officer (PS), DHA Jhelum invites sealed bids from Medical Store/Pharmacy business (For Medicine Tender) having valid NTN Number for the framework contract of following items for the year 2022-23 under Punjab Procurement Rules 2014.

Sr. No.	Detail	Estimated Cost	Bid Security	Tender Fee	Tender opening date/Time
1.	Frame Work contract for Local Purchase of Medicines/ Surgical/ Disposables	15 million	2%	Rs.1,000/-	20-10-2022 01:00 PM

1. Bidding shall be conducted through **Open Competitive Bidding (Single Stage-Two Envelope) procedures** specified in the Punjab Procurement Rules **PPRA 2014 (amended up to 2020 and any other subsequent amendments)**, and is open to all eligible bidders as defined in the bidding document.
2. Interested eligible bidders may obtain bidding documents and further information from the office of undersigned on submission of written application along with payment of non-refundable fee of Rs. 1000/- (One Thousand Only). Bidding documents are available till **20-10-2022** before **11:00 AM** from office of District Health Officer (PS), DHA Jhelum
3. Biding documents are also available on Punjab Procurement Regulatory Authority website (www.ppra.punjab.gov.pk) until the closing date for the submission of bids.
4. Bidding Documents must be accompanied by a **Bid Security** in the form of CDR, Pay Order, Demand Draft, from a Scheduled Bank of Pakistan.
5. A single package containing **separate technical and financial bids** duly completed, signed stamped, sealed in conformity with Tender Documents should reach the office of the undersigned on or before **20-10-2022 at 11:30 A.M**. Bids will be opened by the Procurement Committee in the presence of representatives of bidders
6. Frame Work Contract for Local Purchase of Medicine/ / Surgical / Disposables would be awarded to the vendor on the basis of maximum discount offered on national and multinational brands of medicine/ Surgical / Disposables.
7. Bids which are incomplete, un-sealed, un-stamped or not in accordance with the specified mode will be rejected.
8. The bidders are requested to give their best and final prices as no negotiations are allowed and Bid validity should be one year.
9. Taxes will be deducted from invoices as per applicable government rules.

For obtaining any further information or clarifications, please contact the following.

The District Health Officer (PS)
DHA Jhelum.
Tel: 0544-920417

IPL-9662

ڈی جی آر ڈی اے کی غیر قانونی تعمیرات کیخلاف آپریشن کی ہدایات

غیر قانونی رہائشی و کمرشل تعمیرات، کمرشلائزیشن، گیمیلی نقشوں اور عمارت کے نقشوں کی منظوری کی فیس وچارجز کے حوالے سے سروے کرنے کی ہدایت جاری

شہری اپنی حدمت کی کمائی غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں اور نقشہ کی منظوری لیے بغیر خرچ نہ کریں۔ ڈی جی آر ڈی اے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈیولپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور جپہ نے بائی کورٹ روڈ، گلبرگ ہاؤسنگ سکیم، نیو مارکیٹ، بی گی ایریا اور کمرشل روڈ راولپنڈی پر دورہ کیا اور غیر قانونی تعمیرات کو دیکھنے وچیک کرتے کہا کہ ہم آپریشن کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ترجمان آر ڈی اے نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے نے بلڈنگ کنٹرول ونگ کو غیر قانونی رہائشی و کمرشل عمارتوں، کمرشلائزیشن، گیمیلی نقشوں اور عمارات کے نقشوں کی منظوری کی فیس وچارجز کے حوالے سے سروے کرنے کی بھی ہدایت کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے افسران و بلڈنگ انسپکٹرز کی پوچھ گچھ کی شروع ہو گئی ہے۔ معزز ہوم آفس کی شکایت پر ڈی جی آر ڈی اے محمد سیف انور (بقیہ نمبر 26)

ساہ قتل کیس میں اہم کرداروں کو شامل تفتیش کر لیا گیا

واقعہ کے اہم کردار ملزم شاہنواز کے ماموں عالمگیر شاہ کو بھی شامل تفتیش کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ساہ قتل کیس میں مزید پیش رفت کرتے ہوئے پولیس نے اہم کرداروں کو تفتیش میں شامل کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملزم شاہنواز اور مقتول ساہ کے نکاح خواں مولوی غلام مرتضیٰ، افتاح کے گواہان معتبر شاہ سجاد اور پیر کو شامل تفتیش کر لیا گیا۔ واقعہ کے اہم کردار ملزم شاہنواز کے ماموں عالمگیر شاہ کو بھی شامل تفتیش کیا گیا، پولیس نے پیر پرلی ڈیلر عثمان اور ہاروں جارج کو بھی شامل تفتیش کر لیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مقتولہ ساہ کے قتل کے بعد لاش کے ٹکڑے کے خاندان نے پرانی سبزی منڈی میں نکاح پڑھا۔ ملزم کے خاندان نے پرانی سبزی منڈی میں نکاح پڑھانے والے مولوی کو بھی شامل تفتیش کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملزم شاہنواز کے ماموں عالمگیر شاہ کو بھی شامل تفتیش کیا گیا، پولیس نے پیر پرلی ڈیلر عثمان اور ہاروں جارج کو بھی شامل تفتیش کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملزم شاہنواز اور مقتول ساہ کے نکاح خواں مولوی غلام مرتضیٰ، افتاح کے گواہان معتبر شاہ سجاد اور پیر کو شامل تفتیش کر لیا گیا۔ واقعہ کے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب عامر سعید رانا سے پاکستان میں بیلاروس سفیر آندرے میٹلیسا کی ملاقات۔ اس موقع پر ملاقات وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 34)

عامر سعید رانا سے پاکستان میں بیلاروس سفیر آندرے میٹلیسا کی ملاقات

اس موقع پر پاکستان میں بیلاروس کے نمائندہ الیا کاتابیو بھی موجود تھے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب عامر سعید رانا سے پاکستان میں بیلاروس سفیر آندرے میٹلیسا کی ملاقات۔ اس موقع پر پاکستان میں بیلاروس کے نمائندہ الیا کاتابیو بھی موجود تھے۔ مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب عامر سعید رانا کی ملاقات وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 34)

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ

ورکشاپ میں سٹریٹ میڈیکل افیسر کی تفتیشی افسران کو میڈیکو لیگل چیکلیسٹ کی تربیت

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ، ورکشاپ میں ڈی ایس پی لیگل، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر فضل خان اور تفتیشی افسران کی شرکت، ورکشاپ میں سینئر میڈیکل آفیسر نے تفتیشی افسران کو میڈیکو لیگل چیکلیسٹ کے متعلق تفصیلی لیکچر دیا، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ، ورکشاپ میں ڈی ایس پی لیگل، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر فضل خان اور تفتیشی افسران کی شرکت، ورکشاپ میں سینئر میڈیکل آفیسر نے تفتیشی افسران کو میڈیکو لیگل چیکلیسٹ کے متعلق تفصیلی لیکچر دیا، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ میں تفتیشی افسران کی استعداد کار میں اضافہ، تفتیش کے معیار کو بہتر بنانا اور تفتیش کے دوران آنے والے خلاؤں کو دور کرنا ہے، اس موقع پر ڈی ایس پی لیگل، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر فضل خان اور تفتیشی افسران کی شرکت، ورکشاپ میں سینئر میڈیکل آفیسر نے تفتیشی افسران کو میڈیکو لیگل چیکلیسٹ

راولپنڈی سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ

عالمی یوم امراض قلب: کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال کے زیر اہتمام واک کا انعقاد

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر شیق الدین، ماہر امراض دل ڈاکٹر حمان وقاص، ڈاکٹر زیڈ، پیرامیڈیکل سٹاف اور طلبہ نے شرکت کی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عالمی یوم امراض قلب کے حوالے سے کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال راولپنڈی میں ایک ہیلتھ بورڈ کے زیر اہتمام واک کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (ر) حسن ابراہیم ہوٹی ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر شیق الدین، ماہر امراض دل ڈاکٹر حمان وقاص، ڈاکٹر زیڈ، پیرامیڈیکل سٹاف اور طلبہ نے شرکت کی واک میں شرکاء نے بینرز اٹھا رکھے تھے اس حوالے سے ہسپتال میں ایک فری میڈیکل کیمپ بھی لگایا گیا جس میں دل کے مریضوں کا فری چیک اپ اور ادویات دی گئیں شہریوں کو دل کی بیماریوں سے بچاؤ کے لئے آگاہی بھی دی گئی مقررین نے بتایا تمباکو نوشی، زیادہ نمک، چکنائی والی مرغن غذا اور خوراک میں زیادہ کولیسٹرول کو (بقیہ نمبر30)

عالمی یوم امراض قلب، کنٹونمنٹ جنرل ہسپتال کے زیر اہتمام واک کا انعقاد

آیان
عامر محمود
0311-5185882
فیاض احمد
0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن الماریاں، ریلنگ، پینٹنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

منشیات فروشوں کیخلاف جنگ جاری رہے گی، ایس ایس پی کوٹلی

پریس کانفرنس میں سینئر پولیس افسران سیاسی افراد اور ڈپٹی کمشنر کوٹلی کی شرکت

کوٹلی (محمد ذیشان ندیم) ایس ایس پی کوٹلی ریاض حسین نے اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا کوٹلی کے تمام شہریوں نے مجھے ہر طرح سپورٹ کیا ۔ اور اہم مسائل کی نشاندہی کروائی، جب سے کوٹلی میں میری تعیناتی ہوئی تو میں نے اپنی ترجیحات منشیات کے خلاف جنگ تھی .. (بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی ایس پی کو سہارا فیصل سلیم مری سرکل کے ایس ایچ او اور کیمرہ کرائم میٹنگ کرتے ہوئے

ایس پی کو سہارا فیصل سلیم کی مری سرکل کے ایس ایچ اوز سے کرائم میٹنگ

ایس پی کو سہارا نے کارکردگی کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ایس پی کو سہارا فیصل سلیم مری سرکل کے ایس ایچ اوز سے کرائم میٹنگ، ایس پی کو سہارا نے کارکردگی کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں، میرٹ کو یقینی بناتے ہوئے مقدمات کا اندراج، ملزمان کی گرفتاری اور برآمدگی پر خصوصی توجہ دی جائے، ملزمان کی سرنڈاپی کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے (بقیہ نمبر 37)

ضلع لاہور کے 43 سکولوں میں آج ایک منٹ میں 10 ہزار پودے لگا کر ریکارڈ قائم کر دیا گیا

شجرکاری کا مقصد ماحولیاتی تبدیلیوں سے متعلق آگاہی پھیلانا ہے، مراد راس

لاہور (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر تعلیم مراد راس کی خصوصی ہدایت پر ضلع لاہور کے 43 سکولوں میں آج ایک منٹ میں 10 ہزار پودے لگا کر ریکارڈ قائم کر دیا گیا۔ اس موقع پر وزیر سکول ایجوکیشن مراد راس کا کہنا تھا کہ شجرکاری کا مقصد ماحولیاتی تبدیلیوں سے متعلق آگاہی پھیلانا ہے۔ آج پوری دنیا گلوبل وارمنگ سے بدترین ماحولیاتی مسائل کا شکار ہے۔

ایس او پیز کی خلاف ورزی پر رعائیت نہ برتی جائے

تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز انسداد ڈینگی سرگرمیوں کی خود نگرانی کریں، صوبائی وزیر اختر ملک

لاہور (ہادی حسین) ڈینگی کی روک تھام کیلئے جناب حکومت نے پارکوں اور عوامی مقامات پر ماؤ ٹی آئینوں کی جگہیں پہننے پر پابندی اور ایس او پیز کی مسلسل خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف سخت کارروائی سمیت دیگر اہم فیصلے کیے ہیں۔ فیصلے صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر اختر ملک اور چیف سیکرٹری عبداللہ خان سنبل کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ (بقیہ نمبر 38)

لمحی سکن ویکسین درآمد کرنے کیلئے تیز ترین اقدامات کا آغاز

لاہور (بیورو رپورٹ) فارمرز ایسوسی ایشن پاکستان کے وفد نے صوبائی وزیر ایگریکلچر ڈاکٹر عمر مجید کی سربراہی میں صوبائی وزیر ایگریکلچر سے لاہور میں ملاقات کی۔ ایسوسی ایشن نے لاہوک سیکٹر میں لمحی سکن بیماری اور خطرناک سہولیات کے بارے (بقیہ نمبر39)

مبارک پاکستان باجی مریم بھی بری ہوگئیں، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کے اکاؤنٹ فریزنگ سے بری ہونے پر پی ٹی آئی رہنماؤں کی جانب سے رد عمل کا اظہار کیا گیا ہے کہ مبارک پاکستان باجی مریم بھی بری ہو گئیں۔ پاکستان تحریک انصاف جماعت کے تصدیق شدہ پیج پر مریم نواز کی ایون فیلڈ ریفرنس میں بریت پر رد عمل دیتے ہوئے ٹویٹ میں لکھا گیا کہ قوم کو صرف یاد دلوانا ہے کہ جس (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد سے لندن کی پرواز میں فنی خرابی، ہنگامی لینڈنگ

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی ایئر لائن برٹش ایکزویز کی اسلام آباد سے لندن کے لیے اڑان بھرنے والی پرواز کو فنی خرابی کے باعث واپس اسلام آباد لینڈ کروایا گیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق برٹش پرواز نمبر 260 صبح 11:34 پر اسلام آباد سے لندن کے لیے روانہ ہوئی۔ پائلٹ نے اڑان کے نصف گھنٹے بعد وادی دیر کے قریب طیارے کے ایک انجن میں خیبر معمولی آواز محسوس کی (بقیہ نمبر 40)

آڈیو لیک کا معاملہ انتہائی سنجیدہ ہے، سخت نوٹس لیا جائے

عمران خان اپنی سیاست بچانے کیلئے ریاست کی قربانی دینا چاہتے ہیں، جاوید لطیف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ آڈیو لیک کا معاملہ انتہائی سنجیدہ ہے، سخت نوٹس لیا جائے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آڈیو لیک نے عمران خان کی اصلیت بے نقاب کر دی آڈیو لیک کا معاملہ انتہائی سنجیدہ ہے، سخت نوٹس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اپنی سیاست بچانے کیلئے ریاست کی قربانی دینا چاہتے ہیں، پاکستان سے جو کھیل کھیلا جا رہا ہے تماشا بہت اڑ دیا بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اور سے بھی اپنا آئینی کردار ادا کرتے ہوئے اسے مفرور گلم دائیں گے۔



چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ندیم رضا نے ایف ایکیڈمی اصغر خان میں افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

بچے کو بدفعلی کا نشانہ بنا کر قتل کرنیوالے سفاک قاتل کو سزائے موت کا حکم

عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مجرم کو مزید چھ ماہ قید سخت بھگتنا ہوگی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عمر ظفر خان نے 7 سالہ بچے کو بدفعلی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے والے سفاک قاتل کو سزائے موت اور مجموعی طور پر 14 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنا دیا۔ استغاثہ کے مطابق 2019ء کے دوران تھانہ ترکھانی کے علاقہ 288 گ ب میں غلام مصطفیٰ کا سات سالہ بیٹا اسد الرحمٰن گھر سے سودا سلف لینے گھر سے نکلا کافی دیر تک واپس نہ آیا تو خواتین کرنے پر پتہ چلا ملزم قاسم ولد خادم حسین اسکوٹر سائیکل پر بٹھا کر لے گیا ہے پھر بدفعلی کرنے پر بچے کی گلہ گھونٹ دیا گیا ہے (بقیہ نمبر 42)

جرمود میں ایواڈز سرمئی برائے ایس ایس سی ضلع خیبر کا پروگرام

مرد وجینئر میں سٹینڈنگ کمیٹی برائے ماحولیات والحاج شفیق شیر آفریدی کی شرکت

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) مرد وجینئر میں سٹینڈنگ کمیٹی برائے ماحولیات والحاج پی ٹی آئی الحاج شفیق شیر آفریدی نے جرگہ ہال تحصیل جرمود میں ایواڈز سرمئی برائے ایس ایس سی ضلع خیبر کے پروگرام میں شرکت کی۔ پروگرام کے مہمان خصوصی اے پی ایس ایڈیشنل شیر آفریدی تھے اور پروگرام ڈسٹرکٹ یوتھ آفیسر نے ادرج کی تھی۔ اسی کے ساتھ ساتھ خس طلباء سکول و پیادہ جرمود میں پوزیشن حاصل کی تھی ان میں شیلڈز بھی تقسیم کی۔ ایم پی اے صاحب نے پوزیشن ہولڈر وظیفہ کیلئے ضرور زادہ سے آج بھی کیا اس موقع پر (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد پاکستان ورکر فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل چوہدری محمد یٰسین اور ادائی تقریب میں عالمی اداروں صحت کے آفس انچارج پراجیکٹ پھول پیش کر رہے ہیں

راولپنڈی، آٹا سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 3 گاڑیاں ضبط

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ سیفٹی کے مشترکہ کارروائیں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 3 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر 3 ڈرائیوروں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ سیفٹی نے مشترکہ کارروائیں (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی، انسداد دہشتگردی ٹیم سے بدتمیزی اور دھمکیاں دینے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ایئر پورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے انسداد دہشتگرد ٹیم سے بدتمیزی، گالی گلوچ اور دھمکیاں دینے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئر پورٹ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم عثمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا، ملزم نے ڈیوٹی ٹیم (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں سے 51 بھکاری تھانے منتقل

چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی شہر کی ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 51 چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں پر بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 51 بھکاریوں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں بند کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر انچارج ٹریفک اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ چیف در بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 51 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف علاقوں میں بند کر دیا

یو این وومن کی نمائندہ شرمیلا رسول کی وفاقی وزیر ریاض حسین سے ملاقات

ملاقات میں صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے باہمی دلچسپی اور تعاون کے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

محترمہ رسول نے مختلف پبلک سیکٹر تنظیموں کے تعاون سے یو این وومن کی جانب سے جاری متعدد پروگراموں پر پیش رفت کے بارے میں بریف کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سٹی نمائندہ یو این وومن، پاکستان نے وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق میاں ریاض حسین پیرزادہ سے آج اسلام آباد میں انکے دفتر میں ملاقات کی۔ اس ملاقات میں سیکرٹری انسانی حقوق جناب فضل لطیف اور وزارت کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے ۔ ملاقات میں صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے باہمی دلچسپی اور تعاون کے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محترمہ رسول نے مختلف پبلک سیکٹر تنظیموں کے تعاون سے یو این وومن کی جانب سے ملک میں جاری متعدد پروگراموں پر پیشرفت کے بارے میں بریف کیا جن کا مقصد پاکستان میں باشعور ترقی کے حصول کے لئے خواتین کے حقوق اور صنفی مساوات کو بڑھانا ہے ۔(بقیہ نمبر 45)

صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے تمام فورمز مہیا ہیں

چیف الیکٹریکٹو انسپکٹو ٹیمز فیس بک لائیو اور ٹیلی فون پر آئیسکو ریجن کے صارفین کی شکایات سنیں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف الیکٹریکٹو انسپکٹو ٹیمز فیس بک لائیو اور ٹیلی فون پر آئیسکو ریجن کے صارفین کی شکایات سنیں گے۔ اس سلسلے میں آئیسکو صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کا تدارک جاری رہے گا۔ صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل اُن کے (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی، 5 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 1 کلو 350 گرام چرس اور شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 50)

آصف علی زرداری کی صحت سے متعلق بختاور بھٹو زرداری کا اہم ٹویٹ

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق صدر آصف علی زرداری کی صاحبزادی بختاور بھٹو زرداری نے اپنے والد کی صحت کے حوالے سے ٹویٹ کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ٹویٹ میں بختاور بھٹو زرداری نے آصف علی زرداری کی طبیعت کے بارے میں آگاہ کیا۔

چین: ریسٹورنٹ میں آگ لگنے سے 17 افراد ہلاک

چینگ (نائنٹرک ڈیک) چین کے شہر چینگ چن کے ریسٹورنٹ میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا ہے، حادثے میں 17 افراد جھلس کر ہلاک ہو گئے۔ حکام کے مطابق واقعے میں 3 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، ریسٹورنٹ میں آگ لگنے کا حادثہ آج صبح پیش آیا۔

ڈی پی او عمران خان کی پولیس ملازمین کے اہل خانہ سے تعزیت

محکمہ پولیس مرحوم لاوت خان کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان کی کرشنہ روز بیماری کے باعث فوت ہونیوالے پولیس وجہ چہارم ملازم لاوت خان کے گھر آمد، اہل خانہ سے تعزیت کی اور مرحوم کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ محکمہ پولیس مرحوم کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ ولات خان کے بچوں (بقیہ نمبر43)

اسحاق ڈار کے وزیر خزانہ بننے سے معاشی استحکام آ گیا، جمشید اختر شیخ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم لیگ (ن) لیڈرز فورم اسلام آباد کے صدر جمشید اختر شیخ نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ سینیٹر اسحاق ڈار کو وزیر خزانہ بنانا ہمیں اقدام ہے، ان کے وزیر خزانہ بننے سے معیشت کا استحکام حاصل ہوگا، اسحاق ڈار ایک جیسے ہوئے اکانومسٹ ہیں اور ہمارے بطور وزیر خزانہ پہلے بھی احسن طریقے سے ملک و قوم کیلئے خدمات پیش کر چکے ہیں،

ڈی جی سوشل ویلفیئر پنجاب محمد احمد کا فیصل آباد صحتر ارکا اچانک دورہ

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر پنجاب محمد احمد نے فیصل آباد میں واقع صحتر ارکا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے صحتر ارکا میں ہونیوالے کام کا جائزہ لیا اور بنیادی خواتین کی صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا ہمارا فوکس ہے کہ خواتین کو مہارتیں سکھا کر انہیں معاشی و اقتصادی سطح پر بااختیار (بقیہ نمبر 27)

منشیات کیخلاف کینٹ پولیس کی کارروائی، سمگلر گرفتار، منشیات کی بھاری کھیپ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) منشیات کے خلاف کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات سمگلر کو گرفتار کر کے منشیات کی بھاری کھیپ برآمد کر لی، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں انکو نشا کی طرف دھکیلنے والے ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایات کے مطابق منشیات کے خلاف کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات سمگلر کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر28)

اسلام آباد میں 51 بھکاری تھانے منتقل

چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی شہر کی ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 51 چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں پر بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 51 بھکاریوں کو گرفتار کر کے مختلف علاقوں میں بند کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر انچارج ٹریفک اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ چیف در بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 51 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف علاقوں میں بند کر دیا

اسلام آباد بجلی بند رہے گی

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بیوروں کے تسلسل میٹینس اور ایمرجنسی ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 30 ستمبر بوقت 00 : 07 بجے تا دن 12:00 بجے تک شاہ پور، پنڈ دریاں، بند بازار، مدینہ ٹاؤن، مورت ،(بقیہ نمبر31)

راولپنڈی، خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیوٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیوٹی پولیس کو متاثرہ خاتون نے درخواست دی کہ ملزم 12 تولے زیور لے کر فرار ہو گیا اسے قید میں لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا، صدر بیوٹی پولیس (بقیہ نمبر 3)

ساہ قتل کیس: مرکزی ملزم شاہنواز امیر کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

اسلام آباد (این این آئی) سیشن عدالت نے ساہ اغوا مقتل کیس میں مرکزی ملزم شاہنواز کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ڈسٹرکٹ سیشن عدالت نے ساہ اغوا مقتل کیس کی سماعت ہوئی، مرکزی ملزم شاہنواز کو سیشن سول جج محمد عامر عزیز کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ پولیس نے شاہنواز امیر کے مزید 5 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی، تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ اکاؤنٹ کی تفصیل لینی ہے مختلف اوقات میں رقم نکلوا تا رہا ہے۔

شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے جسے یقینی بنایا جا رہا ہے، ایس پی پنڈوہار

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے موٹر کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ موٹر سائیکلز برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں عمر اور عدنیہ شامل ہیں، ملزمان سے 4 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا۔

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الدین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035

سوئی ناردرن گیس کا دوسری اور تیسری ماہی کیلئے تاریخی منافع کا اعلان
مالی سال 2021-22 کی دوسری سہ ماہی کے لیے 6، 887 ملین روپے کے بعد از ٹیکس منافع کا اعلان کیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) سوئی ناردرن گیس نے 31 دسمبر 2021ء اور 31 مارچ 2022ء کو ختم ہونے والی مدت کے لیے کمپنی کی تاریخ کے بلند ترین نتیجاتی اور ٹیکس ماہی کے اعلان کیا ہے۔ مالی سال 2021-22 کی دوسری سہ ماہی میں 6، 887 ملین روپے کے بعد از ٹیکس منافع حاصل ہوا، مالی سال 2021-22 کی تیسری سہ ماہی کے لیے 9، 437 روپے کے بعد از ٹیکس کا منافع ہوا۔ گزشتہ برس اسی مدت میں کمپنی کو 33۔ 9 روپے کے منافع کے مقابلے 86۔ 10 روپے کا منافع حاصل ہوا۔ مالی سال 2021-22 کی تیسری سہ ماہی کے لیے 5، 917 ملین روپے کے بعد از ٹیکس منافع حاصل ہوا تھا۔ گزشتہ برس اسی مدت کے دوران 8، 939 روپے کا منافع ہوا (بقیہ نمبر 47)